BRAMPTON

Media Release

برائے فوری اجراء

کمیونٹیز کو تمام بنیادی سہولیات سے لیس کرنا۔ سٹی کی زمینوں کی مطابقت پذیری۔

کینیڈی روڈ ایس ہائی ویز 410 اور 407 کی مستقبل کی جگہ کے حوالے سے اپنی قیمتی رائے کا اظہار کریں۔

برامپٹن، آن (2 فروری 2023) – آج سے شروع کرتے ہوئے، سٹی آف برامپٹن کینیڈی روڈ ایس ہائی ویز 410 اور 407 پر واقع سٹی کی زمینوں کے مستقبل کے بارے میں رہائشیوں، کاروباری اداروں اور مقامی اسٹیک ہولڈرز کے تاثرات حاصل کرنے کے لیے آج پوری کمیونٹی کو شامل کرنے کا آغاز کر رہا ہے۔

سٹی کے 2040 کے ویژن میں 'اپ ٹاؤن برامپٹن' کو ایسٹ اینکر کے طور پر شناخت کیا گیا ہے، جو 45.3 ہیکٹر (112 ایکڑ) پر مشتمل جگہ ہے اور یہ سٹی آف برامپٹن کی ملکیت ہے۔ یہ جگہ اس علاقے کو ایک علاقائی منزل کے طور پر فروغ دینے کی صلاحیت کی حامل ہے۔

2019 میں منعقد ہونے والے ایک تکنیکی تجزیہ نے اس بڑے اور قابل ترقی علاقے (جسے پہلے "CAA لینڈز" کہا جاتا تھا) کی شناخت اسپورٹس کمپلیکس سے ایک نئے شہری مرکز میں تبدیل کرنے کے ایک اسٹریٹجک موقع کے طور پر کی تھی، جس میں بھرپور رہائشی علاقوں، کاروباری اداروں، تفریح اور سیاحت کے لیے نقل و حمل کے بڑے مواقع کی نشاندہی کی گئی تھی۔

فی الحال، یہ علاقہ CAA کھیلوں اور تفریحی سہولت کا ایک اہم مقام ہے (سابقہ طور پر پاوریڈ سنٹر)۔ زمینوں کی دوبارہ آبادکاری اپنی"کمیونٹیز کی تکمیل" کے حوالے سے، سٹی کے منصوبوں کو آگے بڑھانے کے وژن کی ایک کڑی ہے۔"

دلچسپی رکھنے والے فریقین کے لیے، سٹی اظہار دلچسپی (EOI) کے ایک پروگرام کا آغاز کر رہا ہے، تاکہ اپنی زمینوں کو ایک متحرک شہری دائرے میں لانے اور علاقے میں پیدل چلنے کی شاندار سہولیات کی فراہمی کے لیے جامع منصوبے پیش کیے جائیں، جس میں کرکٹ کی ایک جدید ترین اور کثیر المقاصد سہولت گاہ بھی شامل ہو گی۔

اظہار دلچسپی ٹائم لائن

- پہلی سہ ماہی 2023 - اظہار دلچسپی کی اشاعت کرنا
- دوسری سہ ماہی 2023 - اظہار دلچسپی کا جائزہ لینا
- تیسری سہ ماہی 2023 - کونسل کو واپس رپورٹ کرنا

شمولیت

کمیونٹیز کی تکمیل کا تصوّر ان رہائشیوں، کاروباروں اور مقامی گروپوں کی ایک عکاسی ہے، جن کی ہم خدمت کرتے ہیں۔

برامپٹن کے رہائشی علاقے کے منصوبوں میں کیا کچھ شامل ہونا دیکھنا پسند کریں گے؟ ہماری فیصلہ سازی میں آپ کی رائے اہم ہے۔ ہمارا سروے 28 فروری 2023 تک عوام کے تاثرات کے لیے کھلا رہے گا۔ اپنے خیالات آن لائن پیش کریں اور اپنی رائے سے نوازیں۔

اقتباسات

"سٹی کی ملکیتی اس جگہ کو فروغ دینے کا تصوّر ناقابل یقین حد تک پرجوش ہے اور میں برامپٹن کے تمام باشندوں کی حوصلہ افزائی کرتا ہوں کہ وہ اس منفرد پروجیکٹ کے بارے میں مزید جانیں اور ہمیں اپنی رائے دیں کہ اس حوالے سے ہمیں آگے کیسے بڑھنا چاہیے۔ عملی طور پر ہمیں اس پر بہت سا کام کرنا ہے اور اس کام کے امکانات لامتناہی ہیں۔ ہمارے پاس کچھ انتہائی خاص کام کرنے کے مواقع موجود ہیں اور کرکٹ کی ایک عالمی معیار کی کثیر المقاصد سہولت گاہ کے قیام سے ہم نے اپنی ایک ایسی میراث تعمیر کرنی ہے، جو آنے والی کئی دہائیوں تک برامپٹن کے جذبے کے لیے چمکنے کا ایک نادر موقع فراہم کرے گی۔"

- *پیٹرک براؤن، میئر، سٹی آف برامپٹن*

"تبدیلی کے اس موقع میں حصہ لینے کے لیے اپنی کمیونٹی کو بااختیار بنانا سٹی لینڈز پروجیکٹ کے لیے ہماری اہم ترجیحات میں سے ایک ہے۔ اپنے رہائشیوں، کاروباری اداروں اور دیگر مقامی اسٹیک ہولڈرز کے علم سے مستفید ہو کر، ہم ایسی مکمل کمیونٹیز بنا سکتے ہیں جو ماحول دوست اور صحیح معنوں میں زندگی گزارنے کے قابل ہوں اور ان لوگوں کی حقیقی ضروریات کی عکاسی کریں جن کی ہم خدمت کرتے ہیں۔"

- *مائیکل پیلیسچی، ریجنل کونسلر، وارڈز 2 اور 6؛ چیئر، پلاننگ اینڈ ڈیویلپمنٹ، سٹی آف برامپٹن*

"ہم برامپٹن میں اس ناقابل یقین حد تک دلچسپ موقع کے لیے بڑے پیمانے پر لوگوں کی رائے اور دلچسپی کی تلاش میں ہیں۔ جب ہم حکومت، نجی شعبے، غیر منافع بخش تنظیموں، ماہرین تعلیم اور مزید لوگوں کے درمیان شراکت دیکھتے ہیں - تو ہمیں باہمی تعاون اور حوصلہ افزا اختراعات نظر آتے ہیں، جو ہمارے شہر کے لیے سب سے بڑی قدر کا ذریعہ ہیں۔ میں اپنی کمیونٹی کے وژن کے بارے میں مزید جاننے کا منتظر ہوں اور ہر کسی کو اس گفتگو میں حصہ لینے اور اپنی بات کہنے کی ترغیب دیتا ہوں۔"

- *ہرکرات سنگھ، ریجنل کونسلر، وارڈز 9 اور 10؛ وائس چیئر، پلاننگ اینڈ ڈیویلپمنٹ، سٹی آف برامپٹن*

"برامپٹن کی شاندار ترقی اور اس میں موجود لامتناہی مواقع کے ساتھ، سٹی اس بات کو یقینی بنا کر اپنی رفتار کو آگے بڑھا رہا ہے کہ سٹی لینڈز پروجیکٹ جیسے تبدیلی کے مواقع ہماری کمیونٹی کی ضروریات، خواہشات اور جذبوں کی مکمل عکاسی کرتے ہوں۔ ہماری توجہ کا بنیادی مرکز اس پورے عمل کے دوران اپنے رہائشیوں، کاروباری اداروں، بلڈرز اور مقامی تنظیموں کے ساتھ بھرپور طور پر وابستہ رہنا ہے تاکہ یہ یقینی بنایا جا سکے کہ ہم ماحول دوست اقدامات اٹھائیں، ٹیکس دہندگان کی قدر کو یقینی بنائیں اور برامپٹن میں معیار زندگی کو بہتر بنائیں۔"

- *مارلون کیلیڈین، چیف ایڈمنسٹریٹو آفیسر، سٹی آف برامپٹن*

-30-

کینیڈا میں تیز ترین رفتار سے بڑھنے والے شہروں میں سے ایک کے طور پر برامپٹن 700,000 لوگوں اور 75,000 کاروباروں کا گھر ہے۔ ہمارے ہر عمل کا مرکز عوام ہوتے ہیں۔ ہمیں اپنی متنوع کمیونٹی سے توانائی ملتی ہے، ہم سرمایہ کاری کے لیے کشش پیدا کرتے ہیں اور ہم ٹیکنالوجی اور ماحولیاتی جدت میں رہنما کردار ادا کرنے کے سفر پر نکل رہے ہیں۔ ہم اس لیے شراکت داری کرتے ہیں تاکہ ہم ایک ایسا صحت مندانہ شہر بنا سکیں جو محفوظ، قابل دوام اور کامیاب ہو۔ ہمارے ساتھ ٹوئٹر، فیس بک اور انسٹاگرام پر مربوط ہوں۔ مزید جاننے کے لیے www.brampton.ca ملاحظہ کریں۔

میڈیا کنٹیکٹ
سٹی آف برامپٹن ملٹی کلچرل میڈیا
multiculturalmedia@brampton.ca

BRAMPTON

Media Release